تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

نام کتاب : محسن اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

افادات : حضرت مولانا قاضی محمد ارشد الحسینی صاحب

ضخامت : ۹۶ صفحات قیمت : ۳۵ روپے

ناشر : دارالارشاد مدنی روڈ۔ اٹک شہر

زیر تبصرہ کتاب حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب نوراللہ مرقدہ کے خلف اکبر مولانا حافظ قاری محمد ارشد الحسینی صاحب کے چار دروس پر مشتمل ہے۔ جو کہ آپ نے سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۶۴ لَقَدْ مَنَّ اللهُ عَلَى المُؤمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولا مِنْ اَنْفُسِهِم الآيه۔ پر چار ماہ مسلسل درس دیا۔ ان چار درسوں میں حضورؐ کی شانِ رفیع آپ کا محسن امتِ محمدیہ کے طور پر تشریف لانا آپ کا بنی نوع انسان کیلئے عظیم نعمت ہونا اور اسی طرح آپؐ کے چند معجزات پر آپ نے بڑے جامع انداز میں درس دیئے ہیں۔ جنہیں انتہائی محنت اور کوشش سے جناب محمد عثمان غنی صاحب نے یکجا کر کے اردو دان طبقہ کیلئے ایک بہترین گلدستہ تیار کیا ہے۔ کتاب کی اہمیت اور افادیت کا اندازا اسکے عنوانات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔ جسمیں علم و عمل کی تلقین بھی ہے۔ وعظ و ارشاد کے جواہر پارے بھی۔ دنیا و آخرت کو سنوارنے کیلئے ترغیب کے پر شکوہ نسخے بھی ہیں۔ اور مختلف دعاؤں اور وظائف کیطرف اشارے بھی ہیں۔ الغرض قاضی صاحب نے کمال مہارت سے اس مختصر پر تاثیر کتاب "دریابہ کوزہ اندر" کے مصداق بیش قیمت جواہر پارے یکجا کئے ہیں۔

قاضی صاحب جب سعودی عرب میں تھے۔ اور وہاں آپ نے جو خطبات اور دروس ارشاد فرمائے ان پر مبنی آپ کی مندرجہ ذیل تصانیف چھپ چکی ہیں تفسیر سورۃ فاتحہ۔ درس حدیث جبریل۔ نجاۃ المبداء والمعاد فی اتباع حدیث معاذ۔ انوار الرشید فی بیان حقوق المعبود والعبید۔ جبکہ زیر نظر کتاب آپ کی پانچویں تالیف ہے۔ کتاب صوری اور معنوی لحاظ سے انتہائی دیدہ زیب